

معرفہ (Proper Noun): معرفہ وہ اسم ہے جو کسی خاص چیز کے لیے بنایا گیا ہو' جیسے خَالِدٌ کہ یہ خاص آدمی کا نام ہے۔

معرفہ کی چند قسمیں:

1۔ اسم علم: یعنی وہ اسم جو کسی خاص آدمی یا خاص چیز کا نام ہو' جیسے: زید . مكة. زینب.

2۔ اسم ضمیر (Pronoun): کسی نام کی جگہ استعمال ہونے والے لفظ کو اسم ضمیر کہتے ہیں: مثلاً هُوَ (وہ) اَنْتَ (تم) اَنَا (میں) وغیرہ۔

3۔ اسم اشارہ: اشارے کے لیے استعمال ہونے والے اسماء جیسے هٰذَا (یہ) ذٰلِکَ (وہ) وغیرہ۔

4۔ اسم موصول: دو جملوں کو ملانے کے لیے استعمال ہونے والے اسماء مثلاً: اَلَّذِیْ . اَلَّتِیْ وغیرہ۔ اسم موصول اردو میں ان معنوں میں آتا ہے (جو' جس نے' جس کو' جس کا' جنھوں نے' جن کا) وغیرہ۔

5۔ معرف باللام: یعنی وہ اسم جس کے شروع میں الف لام لگا کر معرفہ بنایا جائے' جیسے: رَجُلٌ سے اَلرَّجُل (الف لام: ال) کا وہی استعمال ہے جو انگلش میں The کا ہے۔

نوٹ: معرفہ کی پہلی چار اقسام کے ساتھ '' ال '' لگانا درست نہیں' مثلاً: اَلْمُحَمَّد یا اَلْھٰذَا کہنا درست نہیں' کیوں کہ '' ال '' معرفہ بنانے کے لیے آتا ہے اور وہ پہلے ہی معرفہ ہیں۔

6۔ وہ اسم جو مذکورہ بالا قسموں میں سے ایک کی طرف مضاف ہو' جیسے: فَرَسُ زَیْدٍ کِتَابُہٗ ۔ قَلَمُ هٰذَا۔ یَدُ الرَّجُلِ.

نکرہ (Common Noun): وہ اسم جو کسی غیر معین یعنی عام چیز کے لیے بنایا گیا ہو' جیسے: فَرَسٌ کہ عربی میں ہر گھوڑے کو کہتے ہیں۔

نکرہ کا ترجمہ ایک' کوئی' چند' یا کچھ کے ساتھ کیا جاتا ہے' جیسے: وَلَدٌ ایک لڑکا یا کوئی لڑکا۔ اَوْلَادٌ چند لڑکے۔

All Rights Reserved.